# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/ 10066
Dated Peshawar, the 27/05/2025.

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **PROVISIONAL ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 7TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir/Madam,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under Rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at **Annexure-I**.

**2.** The questions in 1st, 2nd, 3rd, 4th and 5th groups at **Annexure-II** will be taken-up in the upcoming 7th Session of the Assembly. However, less than ten days notice of question from the day of answering would be deleted from the list, if Session is summoned, shortly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be furnished at the earliest.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, for any embarrassment of the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-XI**

Endst No & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Principal Secretary to Mr., Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of Mr. Speaker.
12. The P.S to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Deputy Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of honorable Deputy Speaker.
15. The PA to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-XI**

**ANNEXURE-I**

## PROVISIONAL ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 7TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 01st | To be fixed after summoning of Session | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Administration<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment |
| 02nd | To be fixed after summoning of Session | • Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education<br>• Food |
| 03rd | To be fixed after summoning of Session | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development |
| 04th | To be fixed after summoning of Session | • Health<br>• Establishment<br>• Home & Tribal Affairs |
| 05th | To be fixed after summoning of Session | • Minerals Development<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Labour<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

ساتویں اجلاس کا پہلا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:58 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1084**
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ M. Phil الاونس کیلئے مختلف محکماجات کے سینکڑوں ملازمین کی طرف سے درخواستیں محکمہ خزانہ کو موصول ہوئی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ من پسند مخصوص لوگوں کو یہ الاونس دیا گیا اور میرٹ سے ہٹ کر فیصلے کئے گئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ کے پاس کتنے کیس M.Phil الاونس کے لیے زیر التواہیں اور کتنے ہو چکے ہیں سب کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:02 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1068**
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سماجی بہبود ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(لف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ معذور افراد کو الات مہیا کرتا ہے؟

(ب) محکمہ نے معذور طبقے کو Main Stream سوسائٹی میں لانے کے لیے کیا اقدامات کئے ہیں؟

(ج) آیا حکومت، پرائیویٹ سوشل ویلفئیر کے ساتھ کوئی Working Relationship بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ غربت کا خاتمہ ہو۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:40 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1089**
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر انتظام گورنمنٹ ریسٹ ہاؤسز ہیں؟ جن کے لیے بکنگ کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کل کتنے ریسٹ ہاؤسز اور کون کون سے ہیں اور اس میں اکا موڈیشن کی گنجائش کتنی ہے؟ فی کمرہ اور فی سوٹ عوام اور خواص کے لئے چار جز کتنے کتنے ہیں؟ نیز جنوری اور فروری 2024 میں کہاں اور کتنے فیصد بکنگ ہوئی ہے اور اس سے کتنی رقم موصول ہوئی ہے؟ ریسٹ ہاوس وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 08, 2025 -- 10:01 AM - Thu
**سوال نمبر Question # 1180**
**Sent to Dept Date:** May 13, 2025 - Tue
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت مختلف اداروں کو Grant in Aid کی شکل میں امداد فراہم کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبائی حکومت نے سال 14-2013 سے لیکر دسمبر 2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کو Grant in Aid کی مد میں کتنی رقم مہیا کی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 08, 2025 -- 10:07 AM - Thu
**سوال نمبر Question # 1189**
**Sent to Dept Date:** May 13, 2025 - Tue
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بحالی و آباد کاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ موسمیات کی طرف سے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں امسال سیلاب کے خطرے کی پیشنگوئی کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس سلسلے میں صوبائی حکومت نے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان اور بالخصوص تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی میں سیلاب سے بچاؤ کے لیے کیا اقدامات اٹھا رکھے ہیں۔

**Notice Date :** May 08, 2025 -- 10:08 AM - Thu
**Question # 1190 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** May 13, 2025 - Tue
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ 2022 کے سیلاب کے بعد حکومتی سروے کے مطابق مقامی لوگوں کی املاک تباہ ہوئی تھیں ؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے مذکورہ متاثرین کوامداد دینے کااعلان کیاتھااور بعض متاثرین میں چیک بھی تقسیم کیے گئے تھے ؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) جن متاثرین لوگوں میں چیک تقسیم کیے گئے ہیں ان کاشناختی کارڈ نمبر ،ملنی والی امدادی رقم بمعہ مکمل ایڈریس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) جن گھرانوں یاخاندانوں کوامدادی رقم تاحال نہیں ملی ان کوامدادی رقم کب تک ملے گی ؟

**Notice Date :** May 08, 2025 -- 10:28 AM - Thu
**Question # 1206 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** May 13, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)اس وقت صوبہ خیبر پختونخواکاوفاق کے ذمہ واجب الادارقوم کی مالیت کتنی ہے ؟

(ب) گزشتہ 5سالوں کے دوران وفاقی حکومت نے بجلی کی خالص منافع کی مد میں خیبر پختونخواکو سال وائز کتنی ادائیگیاں کی ہیں؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 08, 2025 -- 10:30 AM - Thu
**Question # 1231 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** May 13, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زکوٰۃ وعشر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)اس وقت صوبہ بھر میں کتنی ضلعی زکوٰۃ کمیٹیاں فعال ہیں ؟اور کتنے اضلاع میں ضلعی زکوٰۃ کمیٹیاں غیر فعال ہیں؟

(ب) گزشتہ 5سالوں کے دوران ہر اضلاع میں کتنی رقم ان کمیٹیوں کے ذریعے مستحقین زکوٰۃ میں تقسیم کی گئ؟ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج)صوبہ بھر میں لوکل زکوٰۃ کمیٹیوں کی تعداد کتنی ہے ؟خصوصاًضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کی تعداد کتنی ہے ؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 08, 2025 -- 10:35 AM - Thu
**Question # 1207 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** May 13, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضم شدہ اضلاع کے لئے قومی مالیاتی ایوارڈ(NFC) میں تین فیصد حصہ مختص کیاگیاہے ؟

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوNFCایوارڈ میں تین فی صد مختص شدہ حصہ کس تناسب سے ضم شدہ اضلاع کودیاجائے گا؟

(ج) ضم شدہ اضلاع کے لئے این ایف سی ایوارڈ میں اعلان کردہ حصے میں اب تک کتنی رقم اداکی گئی ہے ؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 08, 2025 -- 10:40 AM - Thu
**Question # 1204 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** May 13, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)اس وقت صوبہ خیبر پختوانخواہ پر اندرونی اور بیرونی قرضوں کی کل حجم /مالیت کیاہےاس کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ب) گزشتہ 4ادوار میں حکومت نے لینے والے قرضوں کی تفصیل ہر دور حکومت کی علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

ساتویں اجلاس کا دوسرا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:03 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1024**
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حال ہی میں چیئرمین و سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (B.I.S.E) کو تعینات کیا گیا ہے؟

(ب) کیا موجودہ چیئرمین و سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (B.I.S.E) کی آسامیوں پر تعیناتی کے اہل تھے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ افسران کو کب اور کس طریقہ کار کے تحت تعینات کیا گیا ہے؟ اور ان افسران کی کارکردگی تسلی بخش ہے کہ نہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:05 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1027**
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ایبٹ آباد بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (B.I.S.E) کو سٹیشنری وغیرہ کی مد میں کتنا فنڈ ملا ہے؟

(ب) سال 2020 سے 2024 تک مذکورہ فنڈ کس کس مد میں استعمال ہوا ہے؟ اور کتنی سٹیشنری خریدی گئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:08 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1020**
**Sent to Dept Date:** May 07, 2025 - Wed
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ خوراک میں فوڈ انسپکٹرز پشاور میں دکانداروں اور ریڑھی بانوں کو جرمانے کرتے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ 2020 سے لے کر 19 ستمبر 2024 تک مختلف دکانداروں اور ریڑھی بانوں کو جرمانے کیے گئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ وقت میں جرمانے کئے گئے دکانداروں اور ریڑھی بانوں کے نام / ولدیت، جرمانوں کی تفصیلات بمعہ جرمانے کی فوٹو کاپی اور جرمانہ عائد کرنے والے افسران کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

(ii) جن افسران نے مختلف جرمانے معاف کروائے ہیں ان کی تفصیلات بمعہ وجوہات بتائی جائیں۔

(iii) مذکورہ جرمانوں میں محکمے کا کتنا فیصد حصہ ہوتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:19 AM - Tue
**سوال نمبرQuestion # 1060**
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ یونیورسٹی میں موجود خزانچی کو جعلی تجربے کے سرٹیفکیٹ کے ذریعے تعینات کیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ خزانچی کے خلاف بدعنوانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کی وجہ سے انکوائری جاری ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) ابھی تک انکوائری کیوں زیر التواء ہے؟

(ii) قائم مقام وائس چانسلر اور رجسٹرار اس انکوائری کو آگے کیوں نہیں بڑھا رہے؟

(iii) اس بدعنوان خزانچی کی ملازمت کی تصدیق سنڈیکیٹ کے ذریعے کیوں کرنے کی کوشش کی جاری ہے؟

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:23 AM - Tue
**Question # 1056** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ دیر لوئر میں ڈگری کالج صدیر کلے جندول، کامرس کالج ولئی کنڈو اور گرلز ڈگری کالج پلوسو میں مختلف اساتذہ بشمول فزکس، کمسٹری، بیالوجی اور ہوم اکنامکس لیکچررز اور دیگر سٹاف کی آسامیاں خالی پڑی ہیں؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے مذکورہ کالجوں میں ضروری سہولیات مثلاً بجلی، پانی، لیبارٹریوں اور کرسیوں کی کمی ہے؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ کالجوں میں اساتذہ و دیگر سٹاف کی خالی آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز ان کالجوں میں جن سہولیات کی کمی ہے ان کی فہرست بھی مہیا کی جائے

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:18 PM - Wed
**Question # 1153** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 12, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضم اضلاع میں کالجوں کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے اور ان میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کی تعداد کالج وار فراہم کی جائے۔

(ب)ضلع باجوڑ میں طلباء وطالبات کے کتنے کالجز کن کن علاقوں میں موجود ہیں، آیایہ کالجز طلباء وطالبات کے تناسب سے کافی ہیں؟ نیز داخلہ کے لیے کیا لائحہ عمل اور طریقہ کار ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:20 PM - Wed
**Question # 1149** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)رمضان المبارک سال 2024 کے رمضان پیکج پر کل کتنی رقم کس کس مد میں خرچ ہوئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب)رمضان پیکج کے تحت غرباء اور مساکین میں جو رقم تقسیم ہوئی اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج)جن افراد میں رمضان پیکج تقسیم ہوا ان کے نام بمع شناختی کارڈ کاپی اور جتنی رقم دی گئی اس کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:22 PM - Wed
**Question # 1174** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 12, 2025 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ شہید بینظیر بھٹو ویمن یونیورسٹی پشاور میں ٹیچنگ فیکلٹی موجود ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:۔

(i)یونیورسٹی میں کل کتنا ٹیچنگ سٹاف ہیں؟ نام بمعہ عہدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)وزیٹنگ پروفیسر / لیکچررز، فکسڈ پے یا کنٹریکٹ پر یونیورسٹی میں کلاسسز لینے والے میل اور فی میل ملازمین کی علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:27 PM - Wed
**Question # 1150** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبہ میں آٹے کی قیمتوں کا تعین کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:۔

(i)سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کا تعین کس طریقہ کار کے تحت کیا گیا ہے؟ اور آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی وجوہات کیا ہیں؟

(ii)سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کی تفصیل بمعہ سرکاری نرخنامہ جات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

(iii)آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے حکومت نے کیا اقدامات اور فارمولہ طے کیا ہے؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:28 PM - Wed
**Question # 1151**
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
**Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for food state that :
(a) What is the current production per acre of wheat?
(b)What is our need for flour consumption?
(c)What is being done tangibly for ensuring that the flour production is being increased?
(d)What will be the wheat production in the coming year and accordingly flour production and would that suffice the flour demand?

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:30 PM - Wed
**Question # 1156**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 12, 2025 - Mon
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی
کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ
(الف)آیایہ درست ہے کہ باڑہ گلی کیمپس محکمہ ہذاکے زیر نگرانی ہے؟
(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:
(i)باڑہ گلی کیمپس کی موجودہ حیثیت کیاہے،اس میں کون کون سی سرگرمیاں ہورہی ہیں اور کتنی اراضی پر محیط ہے۔
(ii)کیمپس سے سالانہ کتنی آمدن حاصل ہوتی ہے اور کس طریقہ کار کے تحت محکمہ خزانہ میں جمع کی جاتی ہے؟
(iii)سال2018سے تاحال مذکورہ کیمپس میں ہونے والی تعلیمی سرگرمیوں پر اُٹھنے والے اخراجات اور کیمپس سے حاصل ہونے والی آمدن کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

ساتویں اجلاس کا تیسرا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 12:04 PM - Tue
**Question # 1098**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 12, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے 2024-25 میں ٹرانسفارمرز کے مرمت کیلئے حلقہ وائز ایک کروڑ روپے مختص کئے تھے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) یہ رقم کس طریقہ کار کے تحت استعمال ہوئی ای ٹینڈر کے ذریعے استعمال ہوئی یا کوئی اور طریقے کے ذریعے استعمال ہوئی ہیں۔ فنڈز کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) DDC میٹنگز کی تفصیل بمعہ مینٹس فراہم کریں۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:04 PM - Wed
**Question # 1124**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے پاس سڑک کی تعمیر و مرمت کے معیار کو چیک کرنے کے لیے جدید، نئے الات اور روڈ ٹسٹینگ مشنیری موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو مشینری کی فصیل اور گزشتہ (3) سالوں سے تاحال ان الات سے جتنے روڈ ٹیسٹ کئے گئے ہیں ان روڈز میں غیر معیاری (خراب) اور معیار روڈز کی تفصیل فراہم کی جائے نیز غیر معیاری (خراب) ثابت ہونے کی صورت میں جن جن لوگوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہیں ان تفصیل بھی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:05 PM - Wed
**Question # 1128**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ضم اضلاع کے مختلف سڑکوں کے منصوبوں کیلئے غیر ملکی قرضہ مختص کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ کے زیر نگرانی کتنا غیر ملکی فنڈ کن کن ضم اضلاع کیلئے منظور ہوا تھا اور کہاں کہاں پر اور کس طریقہ کار کے تحت تاحال خرچ کیا گیا ہے اور کتنا فنڈ ابھی بھی موجود ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع باجوڑ کیلئے کتنا فنڈ منظور ہوا تھا ان فنڈز سے ضلع باجوڑ میں جن سڑکوں کی تعمیر و مرمت کی گئی ہے ہر ایک کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:31 PM - Wed
**Question # 1171**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 12, 2025 - Mon
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کی طرف سے ضلع پشاور کے تمام 13 حلقوں کے لیے ٹرانسفارمرز کی مرمت کی مد میں فی حلقہ ایک کروڑ روپے زیر نگرانی تحصیل اسسٹنٹ ڈائریکٹرز محکمہ بلدیات کو فراہم کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ ٹینڈرز کی کاپی، ٹینڈر کا طریقہ کار، مختص شدہ فنڈ کا طریقہ استعمال اور یہ کس طرح عوامی مفاد میں استعمال ہوگا۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ii) نیز مذکورہ فنڈ متعلقہ ایم۔پی۔اے یا چیئرمینوں کے ذریعے استعمال ہوگا؟ مکمل تفصیل بمعہ طریقہ کار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:32 PM - Wed
**Question # 1187**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 13, 2025 - Tue
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی پشاور ڈیولیمنٹ اتھارٹی (PDA) نے تعمیر گلیاں اور نالی (ڈرین) براستہ (GT) جی۔ٹی روڈ ایک سکیم شروع کی تھی۔ جو کہ ملو گو اور کندی حیات رشیدہ سے گزار کر باڑہ تک پہنچانا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ سکیم کی منظوری کب ہوئی تھی اور اس کا تخمینہ لاگت کتنا تھا۔

(ii) ٹینڈر کاپی، اخباری اشتہار، ٹھیکدار بمعہ فرم کا نام ورک آرڈر ایشو، تاریخ تکمیل کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(iii) نیز مذکورہ سکیم اب تک کیوں مکمل نہیں ہوا ہے۔ وجوہات بتائی جائیں اور یہ کب تک مکمل ہو گی ۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:33 PM - Wed
**Question # 1186**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 13, 2025 - Tue
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی طرف سے ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی پشاور کے ہر صوبائی حلقہ میں 1000 (ہزار) مستحق افراد میں 10000 (دس ہزار) روپے بطور رمضان پیکج دیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈپٹی کمشنر پشاور کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ہر ویلج کونسل / نیبر ہوڈ کونسل کی سطح پر ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں ایک متعلقہ حلقے کا منتخب ممبر صوبائی اسمبلی کا فوکل پرسن بھی تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ویلج / نیبر ہوڈ کونسل پی کے 75 میں فوکل پرسنز کس کے کہنے پر نامزد کیے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے

(ii) پی کے 75 میں کل کتنے افراد کو کتنی کتنی رقوم ادا کی گئی ہیں تمام افراد کے نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، پتہ، اکاونٹ نمبر اور ویلج کونسل سطح پر فوکل پرسن کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:34 PM - Wed
**Question # 1172**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 12, 2025 - Mon
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2013 میں سال 2019 کے ترمیم 23(A) کے تحت بلدیاتی نمائندوں کو مختلف قسم کے اختیارارت دیئے گئے تھے لیکن بعد میں نئے ترمیم سال 2022 کے تحت 23(A) میں دیئے گئے اختیارات کو ختم کر دیا گیا۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 23(A) سکشن کو ختم کرنے کی وجوہات بیان کیئے جائیں نیز بلدیاتی نمائندگان کو دوبارہ مذکورہ ختیارات کب دیئے جائینگے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:36 PM - Wed
**Question # 1129**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کی طرف سے پورے علاقے کے لئے صرف ایک ہی ڈائریکٹر کی آسامی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع کوہستان میں محکمہ زراعت کا کوئی بھی دفتر نہیں ہے؟ آیا بغیر دفاتر کے محکمہ زراعت کے سرکاری امور انجام دیئے جا سکتے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ضلع کوہستان میں ایک ڈائریکٹر کس طرح پورے ضلع کے امور چلا رہے ہیں؟

(ii) محکمہ زراعت ضلع کوہستان میں تمام ضروری دفتر کا قیام کب تک عمل میں لایا جائے گا اور ضروری سٹاف کی کمی کب تک پوری کی جائے گی؟

(iii) سال 2014 سے تا حال تمام (sanction posts) منظور شدہ آسامیوں میں سے خالی آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:59 PM - Wed
**سوال نمبرQuestion # 1133**
**Sent to Dept Date:** May 12, 2025 - Mon
**جناب (95) محمد ریاض - پی کے صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع کرم میں AIP پروگرام کے تحت منصوبوں پر کام جاری ہے؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پروگرام کے تحت کتنے منصوبے مکمل اور کتنے نامکمل ہیں اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز جو منصوبے تاحال نامکمل ہیں ان کی وجوہات بتائی جائے۔

(ج) مذکورہ پروگرام کے تحت جاری کیئے گئے فنڈز سے روڈز، بلڈنگ اور پلوں کے علاوہ دیگر کس مد میں کام کیئے گئے ہیں نیز یہ پروگرام کب سے شروع ہوا ہے؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

ساتویں اجلاس کا چوتھا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:11 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1047**
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع دیر بالا میں سال 2012 سے لے کر 10 جولائی 2024 تک جتنی ادویات صوبائی حکومت نے ڈی ایچ او آفس دیر بالا کو فراہم کی ہیں اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے ؟

(ب) ڈی ایچ او آفس کے ذریعے جن جن سرکاری ہسپتالوں کیلئے جو ادویات مزکورہ عرصہ میں فراہم کی گئی ہیں اسکی بھی تفصیل سال وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:12 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1048**
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال ضلع ہری پور میں سی سی یو وارڈ میں کوالیفائیڈ ڈاکٹرز کی کمی اور جدید تقاضوں کے مطابق سہولیات میسر نہ ہونے کی وجہ سے Serious مریضوں کو ایبٹ آباد یا اسلام آباد کے ہسپتالوں کو ریفر کر دیا جاتا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ وارڈ میں ڈیوٹی دینے والے سٹاف بمعہ ڈاکٹرز کی تفصیل اور کن کن سہولیات کی کمی ہے تفصیل فراہم کی جائے نیز ڈاکٹرز اور دیگر سٹاف سمیت دیگر سہولیات کب تک فراہم کی جائیں گیں۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:13 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1046**
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کی پالیسی کے مطابق صوبے کی تمام سرکاری ہسپتالوں میں صحت کارڈ کے ذریعے علاج معالجے کی سہولیات میسر ہیں ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈی ایچ کیو ہری پور میں دل اور پھیپڑوں کے امراض کی بھی صحت کارڈ کے ذریعے علاج کی سہولت فراہم کی جاتی ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو یکم جنوری 2025 سے تاحال کتنے دل اور پھیپڑوں کے مریضوں کا علاج صحت کارڈ کے ذریعے کیا گیا ؟ مریض کا نام، بیماری کی نوعیت اور فی مریض خرچ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:17 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1057**
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا درست ہے کہ پشاور کے ہسپتالوں میں کتے اور سانپ کے کاٹنے کے علاج کے لیے ویکسین موجود ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پشاور کے ہسپتالوں میں موجود ویکسین کے سٹاک کی تفصیل ہسپتال وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:18 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1058**
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی گریڈ 18 اور گریڈ 19 کے پراونشل مینجمنٹ کیڈر کے افسران کو ٹریننگ دیتا ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ افسران کی ٹریننگ کے لیے محکمہ خزانہ نے 25 لاکھ کا فنڈ بھی ریلز کیا ہے ؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ صحت کی طرف سے تاحال ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی کو مذکورہ افسران کی ٹریننگ شروع کرنے کی

اجازت نہیں دی گئی؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو فنڈز ریلیز ہونے کے باوجود ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی نے مذکورہ افسران کی ٹریننگ شروع کیوں نہیں کی؟ اس کا ذمہ دار کون ہے؟ ٹریننگ کب تک شروع کی جائے گی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:00 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1067**
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہمارے صوبے میں رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹر اور ڈسپنسریاں موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز میں تمام آسامیوں پر ملازمین تعینات ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز کو حکومت دوائیاں وغیرہ فراہم کرتی ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) صوبے میں کل کتنی رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹرز اور ڈسپنسریاں ہیں؟

(ii) مذکورہ ہیلتھ سنٹرز میں کل کتنے ملازمین ہیں۔ تمام ملازمین کی تفصیل فراہم کیا جائے۔

(iii) مندرجہ بالا ہیلتھ سنٹرز کو 2024 سے تاحال کتنی دوائیاں فراہم کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:05 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1093**
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت نے سوشل ہیلتھ پروٹیکشن انیشیٹیو کے نام سے پروگرام شروع کیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ پروگرام کب شروع کیا گیا ہے؟ اس کے اغراض و مقاصد کیا ہیں؟

(ii) مذکورہ پروگرام کے لئے فنڈز کہاں سے مہیا کیا جاتا ہے؟

(iii) مذکورہ پروگرام کو چلانے کیلئے کتنا سٹاف / عملہ کام کر رہا ہے ان کی تنخواہیں کتنی ہیں؟

(iv) مذکورہ پروگرام سے اب تک کتنی کامیابی حاصل ہوئی ہے مکمل تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:06 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1094**
**Sent to Dept Date:** May 13, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخواہ کے بیشتر ہسپتالوں میں عوام کا علاج صحت کارڈ پر ہو رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:۔

(i) اب تک کتنے مریضوں کا علاج صحت کارڈ پر ہوا ہے؟

(ii) اب تک عوام کے علاج معالجے پر کتنی رقم خرچ ہوئی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:07 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1095**
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ادویات کی جانچ پڑتال کیلئے Drug Regulatory Authority کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پشاور سمیت صوبے کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں جعلی ادویات فروخت ہو رہی ہیں اور بعض ادویات کو اصل قیمت سے زیادہ میں فروخت کیا جا رہا ہے جعلی ادویات کی روک تھام کیلئے محکمہ نے کیا اقدامات کیے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:41 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1106**
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)وفاقی اور صوبائی سروسز آفیسرز کی تعیناتی کس فارمولے اور کس طریقہ کار کے تحت کی جاتی ہے؟

(ب)مذکورہ آفیسرز کی فیلڈ پوسٹنگز کی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:46 AM - Tue
**Question # 1168**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 12, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں زیادہ تر میڈیکل ڈاکٹرز (نان پریکٹسنگ الاونس) لینے کے باوجود پرائیوٹ پریکٹس کر رہے ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو مذکورہ ڈاکٹروں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے نیز ان کے خلاف کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:47 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1169**
**Sent to Dept Date:** May 12, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ غیر قانونی کلینکس، نرسنگ ہومز اور ڈاکٹرز کے غیر قانونی نیم بورڈز کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو پچھلے پانچ سالوں میں مذکورہ خلاف ورزیوں کے خلاف کتنی کارروائیاں کی گئیں ہیں اور اس کے کیا نتائج مرتب ہوئے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:50 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1118**
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع کی جیلوں میں نابالغ بچے، خواتین اور مرد قید ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہر ضلع میں موجود جیلوں کے نام اور اس میں قیدیوں کی تعداد اور جیل میں مقررہ گنجائش بتائی جائے؟

(ج)ہر ضلع کی جیل میں قید نابالغ لڑکیوں اور لڑکوں، خواتین اور مردوں کی تعداد کی تفصیل نیز جو قیدی ذہنی بیمار یا معزور ہیں، ان کی تفصیل الگ فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

ساتویں اجلاس کا پانچواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:00 AM - Tue
**Question # 1023**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
**جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہزارہ سول ڈویژن کے اندر نامزد جنگلاتی اراضی کو لیز پر دیا گیا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) 2013 سے آج تک لیز پر دی گئی زمین کی (کنالوں میں) تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) ہزارہ ڈویژن کے جن جن کی زمین لیز پر دی گئی اس کی تفصیل ضلع، تحصیل، محلہ اور موضع وائز فراہم کی جائے۔

(iii) کیا لیز پر دیئے گئے جنگلات کی زمین پر دوبارہ محفوظ جنگلات، گوزارہ جنگل اور محفوظ بنجر زمینوں میں تقسیم نہیں کیا جا سکتا۔

(iv) مذکورہ زمین جن مقاصد کے لیے لیز پر دی گئی ہے (جیسے کان کنی یا ہوٹلنگ، فلاح و بہبود، تحقیق، یا کسی اور مقصد کے لیے) ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:01 AM - Tue
**Question # 1025**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
**جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ماحولیات وجنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات کے تحفظ، غیر قانونی کٹائی روکنے اور جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے اقدامات اُٹھا رہے ہیں۔

(ب) آیا یہ بھی درست ہے چیتے، کالے ریچھ اور دیگر جنگلی حیات کو مارنے پر پابندی ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) گھریلو مویشیوں کی تنزلی اور زرعی فصلوں کو پہنچنے والے نقصان پر جنگلی حیات کے اثرات کیا ہے، نیز جنگلی حیات کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کی تلافی کے لئے کون سی پالیسیاں لاگو کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے ۔

(ii) فارسٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے معاوضے کے طریقہ کار اور معیار کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:02 AM - Tue
**Question # 1028**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
**جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ماحولیات وجنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خون خوار جانوروں کے حملوں سے ہلاک و زخمی افراد اور گھریلو مویشیوں کو پہنچنے والے نقصانات کے ازالے کیلئے مالکان کو فارسٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے معاوضہ دیا جاتا ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے محکمہ کو جنگلی جانوروں کے حملوں سے مرنے اور زخمی ہونے والے افراد کو پی ڈی ایم اے اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بھی امدادی فنڈز فراہم کی جاتی ہے ؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہزارہ ڈویژن تجارتی مقاصد کیلئے مختلف اقسام کے درخت کاٹے گئے ہیں؟

(د) اگر (الف) تا (ج) تک کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) اب تک فارسٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے جن افراد کو معاوضہ فراہم کی گئی ہے کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) جنگلی حیات کے حملوں میں زخمی یا مرنے والے افراد کے لئے PDMA یا ضلعی انتظامیہ کی طرف سے فراہم کردہ امدادی فنڈز کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) ہزارہ کے علاقے میں جنگلی سوروں اور پورکیپائنز کے خاتمے کے لئے کئے گئے مخصوص اقدامات اور استعمال کی گئی حکمت عملیوں اور ان کی تاثیر کا مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iv) ہزارہ میں تجارتی مقاصد کے لئے جو درخت کاٹے گئے ہیں یا نکالے گئے ہیں۔ ان کا ایک جامع بریک ڈاؤن فراہم کریں۔

(v) درختوں کی اقسام، نکالی گئی مقدار اور صحیح مقامات جہاں کٹائی کی سرگرمیاں ہوئیں کی بھی مکمل تفصیل فراہم کریں

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:04 AM - Tue
**Question # 1026**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
**جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر جنگلات وضاحت فرمائیں گے:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ہزارہ کے علاقے میں ناپید یا نایاب پودوں اور جانوروں کی نسلوں کو کامیابی سے دوبارہ متعارف کرایا اور بحال کیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) دوبارہ متعارف کرائی گئی انواع واقسام کے نام، علاقے (ضلع، تحصیل، یونین کونسل) اور دستاویزی یا تصویری ثبوت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) ان نسلوں کو دوبارہ متعارف کرانے اور بحالی کے اقدامات کی وضاحت کی جائے، اور ان پر ہونے والے کل اخراجات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) نایاب پودوں اور ان کی نرسریوں کا بریک ڈاؤن، تخمینی اسٹاک، لگائے گئے علاقے، اور پھیلاؤ کی مکمل معلومات فراہم کی جائے۔

(iv) موجودہ اسٹاک اور بحالی کی کامیابی یا ناکامی کی وجوہات بیان کی جائیں۔ ساتھ ہی ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جاری کوششوں کی تفصیل بھی دی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:09 AM - Tue
**Question # 1044**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 08, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سوشل سکیورٹی فنڈ تمام پیداواری سرگرمیوں بمعہ انڈسٹری خدمات پر 3 فیصد ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گزشتہ 5 سالوں کے دوران کتنا سوشل سکیورٹی فنڈ جمع کیا گیا ہے؟

(ii) مذکورہ فنڈ کہاں کہاں اور کس مد میں خرچ کیا گیا ہے تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:15 AM - Tue
**Question # 1021**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 07, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبکاری و محاصل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا سرکاری ملازمین کو سرکاری گاڑیاں فراہم کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:

(i) تو سال 2022 سے تاحال کن کن محکموں کے ملازمین نے اپنے محکمہ کی توسط سے گاڑیاں حاصل کیں ہیں؟

(ii) ان کی مکمل تفصیل بمعہ نام، عہدہ، محکمہ، تاریخ درخواست اور تاریخ فراہمی فراہم کیں جائیں۔ نیز جو waiting list پر ہیں ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 10:59 AM - Tue
**Question # 1101**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ تجارت نے گزشتہ پانچ سالوں میں مستحق اور بے روزگار عوام کو تجارت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ب) کیا کم وسائل والے بے روزگار نوجوانوں اور خواتین کو اپنا کاروبار شروع کروانے اور اُن کو خود کفیل بنانے کے حوالے سے کوئی منصوبہ موجود ہے؟ اگر ہاں ہو تو مذکورہ منصوبے کی تفصیل بمعہ لاگت، دورانیہ کی تفصیل اور اس سے ماضی میں مستفید افراد کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:01 AM - Tue
**Question # 1086**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیز دیگر محکموں کے افسران کو بھی گاڑیاں دیتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) کس قانون کے تحت دوسرے محکموں کے افسران کو گاڑیاں دی جاتی ہیں؟

(ii) دیگر محکموں کے جس جس افسر کو گاڑی Allot ہوئی ہے، ان سب افسران کے نام بمعہ Allotment letter اور جسکے کہنے پر ہوئی ہے ان سب کے نام تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:03 AM - Tue
**Question # 1088** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل اوانسداد منشیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیز نے غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں؟ اور وہ گاڑیاں محکمہ نے اپنے افسران کو استعمال کرنے کے لیے دی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) محکمہ نے کتنی غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں؟ گاڑی نمبر کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کس قانون کے تحت اور کون کون سی گاڑی کس کس افسر کے پاس زیر استعمال ہیں؟ بمعہ دستاویزات تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:14 AM - Tue
**Question # 1078** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ماحولیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ اباد میں جپسم کے بہت سے کارخانے ہیں جن سے ایبٹ اباد کے ماحول پر انتہائی مضر اثرات مرتب ہو رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ کارخانوں کو چلانے کے لیے این او سی کس نے جاری کی ہے؟ تمام کارخانوں کو جاری کی گئی این او سی کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:15 AM - Tue
**Question # 1080** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) حکومت کی ایبٹ آباد میں معدنی ذخائر کو بروے کار لانے کیلئے کیا حکمت عملی ہے؟ نیز مقامی آبادی کے حقوق مثلاً رائیلٹی، اپروچ روڈز، روزگار اور زمینی معاوضے کا کتنا خیال رکھا گیا ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 06, 2025 -- 11:45 AM - Tue
**Question # 1166** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 12, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر لیبر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ورکرز ویلفیئر بورڈ کے مختلف اضلاع میں مختلف منصوبے جاری یا مکمل ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ورکرز ویلفیئر بورڈ کے 2014 سے 2018 تک ہر ضلع میں کتنے اور کون کون سے منصوبے مکمل ہوئے ہیں؟ ان تمام منصوبوں کی ضلع وار مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:03 PM - Wed
**Question # 1111** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صنعت کے میدان میں نئے نئے منصوبہ بندیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین (3) سالوں کے دوران کیا کیا منصوبہ بندی کی گئی ہے؟

(ii) کون کون سے صنعت اور صنعتی تحقیق، تجارت اور سروے کی گئی ہے۔ موجودہ وقت فعال اور غیر فعال صنعت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:09 PM - Wed
**Question # 1112سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** May 09, 2025 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ ہذا نے نئے ضم اضلاع میں مختلف طریقوں سے تکنیکی اور فنی تعلیم کی سرگرمیاں شروع کی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو تمام نئے ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کی کارکردگی کی تفصیل اور خصوصاً باجوڑ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** May 07, 2025 -- 12:11 PM - Wed
**Question # 1144سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** May 12, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ نے جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی کو روکنے کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں تو کمیٹی کی مکمل تفصیل بمعہ کارکردگی فراہم کی جائے۔